سوال

(111)شادی کےلیے جمع کیے ہوئے مال کی زکوٰۃ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی اپنے بیٹے کی شادی کےلیے کئی سالوں سے مال جمع کر رہا ہے توکیا اس پر اس مال کی زکوٰۃ واجب ہے ؟ یادرہے اس مال کے جمع کرنے سے اس کا مقصد صرف اور صرف اپنے بیٹے کی شادی کا انتظام کرنا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس آدمی کو جمع شدہ تمام رقوم زکوٰۃ ادا کرنا پڑے گی بشرطیکہ جمع شدہ رقوم پر ایک سال گزر جائے ، خواہ وہ بچے کی شادی ہی کےلیے جمع کیا گیا ہو، کیونکہ یہ رقوم جب تک اس کے پاس ہیں ، اس کی ملکیت ہیں ، لہذا اسے ہر سال ان کی زکوٰۃ ادا کرنی چاہیے تا آنکہ یہ رقوم شادی پر خرچ نہ ہوجائیں ۔ کتاب وسنت کے دلائل کے عموم سے یہی بات ثابت ہوتی ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب الزکاۃ : ج 2 صفحہ 111

محدث فتویٰ